سوال

اگر کوئی شخص چوتھی رکعت میں امام کے ساتھ شامل ہوتا ہے، تو وہ اپنی نماز کیسے ادا کرے گا؟ حدیث رسول اور صحابہ کرام کے آثار کے حوالوں کے ساتھ جواب دینا۔

جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

اگر کوئی شخص باجماعت نماز میں لیٹ شامل ہو۔ امام صاحب ایک یا ایک سے زائد رکعات پڑھا چکے ہوں، تو مقتدی امام کے ساتھ اپنی شروع کی نماز ادا کرے گا۔ یعنی اگر وہ امام کے ساتھ چوتھی رکعت میں شامل ہوا ہو، تو امام صرف سورہ فاتحہ پڑھے گا، کیونکہ امام کی چوتھی رکعت ہے، لیکن لیٹ شامل ہونے والے کی پہلی رکعت ہوگی اور وہ ثناء، سورہ فاتحہ اور ساتھ کوئی سورت پڑھے گا۔ امام کے سلام پھیرنے کے بعد وہ دوسری رکعت میں سورہ فاتحہ اور کوئی سورت تلاوت کرے گا اور تشہد کے لیے بیٹھے گا۔ پھر کھڑا ہو کر تیسری اور چوتھی رکعت ادا کرے گا۔

سیدنا ابو قتادہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

فَمَا أَدْرَكْتُمْ فَصَلُّوا وَمَا فَاتَكُمْ فَأَتِمُّوا (صحیح البخاري، الأذان: 635، صحیح مسلم، المساجد ومواضع الصلاة: 602)

جس قدر نماز ملے پڑھ لو اور جو رہ جائے اسے (بعد میں) پورا کر لو۔

والله أعلم بالصواب

محدث فتوی کمیٹی